الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 09 جولائی، 2017

کراچی کے پی ایس- 114 کے کامیاب ضمنی انتخابات پر الیکشن کمیشن آف پاکستان نے تمام اداروں اور کراچی کے عوام کا شکریہ ادا کیا ہے انہوں نے رینجرز، پولیس، پولنگ عملے اور کراچی کے عوام کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج یہ ثابت ہو گیا کہ پاکستان کے عوام اور ادارے جمہوریت کے استحکام کے لئے یکجا ہیں۔ انھوں نے الیکشن میں بھرپور حصہ لینے پر تمام سیاسی جماعتوں اور آزاد امیدواروں کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے تمام الیکشن شیڈول اور الیکشن کے دن بھرپور تعاون کر کے اس بات کا ثبوت دیا کہ جمہوریت کے تسلسل کے لئے وہ مستقبل میں بھی اسی طرح یکجا اور متحد رہیں گے۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن نے مزید کہا کہ اب نتائج مرتب کیے جا رہے ہیں اور ہماری پوری کوشش ہے کہ جلد از جلد اس الیکشن کے نتائج کو عوام تک پہنچا دیں۔ انہوں نے تمام متعلقہ اداروں، رینجرز، پولیس، سیاسی جماعتوں اور عوام سے اپیل کی ہے کہ جس طرح انہوں نے آج صبر و تحمل سے پر امن طریقے سے الیکشن کا انعقاد کروانے میں الیکشن کمیشن کا ساتھ دیا اب وہ اس تحمل کے ساتھ الیکشن نتائج کے مرتب ہونے تک الیکشن کمیشن اور پولنگ عملے کے ساتھ بھرپور تعاون کرے۔ تاکہ یہ ضروری مرحلہ بخوبی طے پا سکے۔

☆☆☆☆☆☆☆